# Bolan Castings Limited

**Main RCD Highway, Hub Chowki, District Lasbela, Balochistan**

**Tel: 0092-853-364036 Fax: 0092-853-363292 Email: bclhub@bclpk.com Web: www.bolancastings.com**


# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that 42nd Annual General Meeting of Bolan Castings Limited will be held at Registered Office of the Company Main RCD Highway, Hub Chowki, District Lasbela, Balochistan, Pakistan, on Thursday, October 24, 2024 at 12:30 p.m. to transact the following businesses:

**A. ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of 41st Annual General Meeting held on October 28, 2023.
2. To receive, consider and adopt the audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2024 together with the Chairman's review, Directors' report and Auditors' report thereon.
3. To appoint auditors for the year ending June 30, 2025 and to fix their remuneration.

**B. SPECIAL BUSINESS**

4. To ratify and approve the transactions carried out in normal course of business with Group company for the year ended June 30, 2024 by passing the following resolution as a special resolution:

   **RESOLVED** that the transactions carried out in normal course of business with Group Company as disclosed in note 37 to the financial statements for the year ended June 30, 2024 be and are hereby ratified and approved.

5. To authorize Chief Executive of the Company to approve transactions carried out and to be carried out in normal course of business with Group companies during the year ending June 30, 2025 by passing the following resolutions, with or without modification, as special resolutions:

   **RESOLVED** that the Chief Executive of the Company be and is hereby authorized to approve all the transactions carried out and to be carried out in normal course of business with Group companies during the year ending June 30, 2025, subject to final approval/ratification by the shareholders in the next Annual General Meeting.

   **FURTHER RESOLVED** that the Chief Executive of the Company be and is hereby authorized to take any and all necessary actions and sign / execute any and all such documents / indentures / verifications as may be required in this regard on behalf of the Company.

By Order of the Board of Directors

Hub
October 01, 2024

**Arafat Mushir**
Company Secretary

**Notes:**

1. The Share Transfer Book of the Company shall remain closed from October 15, 2024 to October 24, 2024 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 by close of working hours on October 14, 2024 shall be treated in time to attend and vote at the meeting.
2. A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint another member as his / her proxy to attend the meeting and vote on his / her behalf. Vote may be given either personally or by proxy or in case of a company / corporation by a representative duly authorized in pursuance of requirements of Section 138 of the Companies Act, 2017.
3. Duly executed proxies in order to be effective must be received at the Registered Office of the Company at least 48 hours before the meeting, computed in the manner provided in sub section (6) of Section 137 of the Companies Act, 2017.
4. Members are requested to promptly notify any change in their addresses to our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, if shares are held in physical form and to the respective Participant/Investor Account Services, if shares are held in book entry form.
5. CDC Account Holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

   **A. For attending the meeting:**

   i) In case of individual, the account holder or sub-account holder shall authenticate his identity by showing his original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.

   ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the representative shall have to be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

   **B. For appointing proxies:**

   i) In case of individual, the account holder or sub account holder shall submit the proxy form as per the above requirement.

   ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

   iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owner and the proxy shall be furnished with the proxy form.

   iv) The proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of the meeting.

   v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall have to be submitted along with proxy form to the Company.

   IIn pursuance of the arrangement of the meeting through video link and the attendances accordingly, the above requirements and corporate fulfillments shall apply mutatis mutandis.

6. **Participation in the Annual General Meeting**

   SECP, through its Circular No. 04 of 2021 dated February 15, 2021, has directed the listed companies to also arrange the provision of video link facility. Accordingly, to ensure maximum participation, the Company has arranged to convene this AGM also through video link facility.

   To attend the AGM through video link, members are requested to register their following particulars by sending an e-mail to our share Registrar at agm@bclpk.com.

| Folio/CDC Account No. | Company Name | No. of shares held | Name | CNIC | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | Bolan Castings Limited | | | | | |

   The video link and login credentials will be shared with the shareholders whose e-mails, containing all the requested particulars, are received at the above e-mail address by or before the close of business hours (5:00 p.m.) on October 23, 2024.

7. **Mandatory submission of CNIC**

   As per Regulation 6 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017 read with Section 242 of the Companies Act, 2017, the company has withheld and in future will also withhold cash dividend payment to shareholders who have not yet provided the copy of their valid CNIC. In case your cash dividend is withheld due to aforesaid reason, you are requested to kindly provide legible copy of your valid CNIC to Company's Share Registrar if you hold shares in physical form or to the respective Participant/Investor Account Services if shares are held in book entry form.

8. **Payment of Cash Dividend Electronically**

   In accordance with the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, and Regulation 4 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, a listed company is required to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders. In case your cash dividend is withheld due to aforesaid reason, you are requested to kindly provide the details containing (i) Title of Bank account, (ii) Bank Account Number, (iii) International Bank Account Number (IBAN) (iv) Bank Name, (v) Branch Name, Code & Address, (vi) Cell Number, and (vii) Landline Number, if any, to Company's Share Registrar if shares are held in physical form or to the respective Participant/Investor Account Services if shares are held in book entry form.

9. **Conversion of Physical Shares in to Book Entry Form**

   Section 72 of the Companies Act, 2017 requires every company to replace its physical shares with book-entry form within the period to be notified by the SECP. The shareholders having physical share certificates are accordingly encouraged to open their account with Investors Account Services of CDC or Sub Account with any of the brokers in PSX to convert their shares into scrip less form. This will facilitate the shareholders in many ways, including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange Limited.

10. **Transmission of Annual Financial Statements through QR Enabled Code and Web link**

    SECP through SRO. 389 (1)/2023 dated March 21, 2023 has allowed listed companies to circulate the Annual Audited Financial Statements to their members through QR enabled code and web-link and the same has subsequently been approved by the Company's shareholders in the AGM. Hence, the annual audited financial statements for the year ended June 30, 2024 alongwith related reports are being circulated through following QR Enabled code and weblink:

    **Weblink: https://bolancastings.com/PDF/AR2024.pdf** **QR Code**

    Additionally, the Company has also circulated its annual audited financial statements for the year ended June 30, 2024 alongwith related reports to its members through email, whose email addresses are available.

    Further, the annual audited financial statements for the year ended June 30, 2024 along with related reports have been placed at the website of the Company www.bolancastings.com.

11. **Mandatory submission of Information by Physical Shareholders**

    According to Section 119 of the Companies Act, 2017 and Regulation 39 of the Companies Regulations, 2024, all physical shareholders are advised to provide their mandatory information such as CNIC number, address, email address (if available), contact mobile / telephone number, International Bank Account Number (IBAN), etc. to Company's Share Registrar immediately to avoid any non-compliance of law or any inconvenience in future.

12. **Video Conference Facility**

    Without prejudice to the requirements and therefore the arrangements as described in "Note 6" above, keeping in view of the requirements of Section 132 of the Companies Act, 2017 together read with SECP Circular 10 of 2014, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 7 days prior to date of meeting, the Company will arrange a video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.

    The Company will intimate members regarding the video conference facility venue at least 5 days before the date of the AGM along with the complete information needed to access the facility.

    If you would like to avail video conferencing facility, as per above, please fill the following and submit to Registered Office of the Company atleast seven (7) days before AGM.

    I / We, _______________ of ____________ being a member of Bolan Castings Limited, holder of __________ Ordinary Share(s) as per Register Folio No / CDC Account No. ______________ hereby opt for video conference facility at ___.

13. **Postal Ballot**

    Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, members will be allowed to exercise their right to vote through electronic voting facility and voting by post for the agenda items related to special business, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid regulations.

    For the convenience of the shareholders, ballot paper is annexed and the same is also available on the Company's website at www.bolancastings.com for the purpose of being downloaded.

    **Procedure for E–Voting:**

    (a) Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those shareholders of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company by the close of business of October 14, 2024.

    (b) The web address, login details, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).

    (c) Identity of the shareholders intending to cast vote through e-Voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

    (d) E-Voting lines will start from October 19, 2024, 09:00 a.m. and shall close on October 23, 2024 at 5:00 p.m. Shareholders can cast their votes any time during this period. Once the vote on a resolution is casted, he / she shall not be allowed to change it, subsequently.

    **Procedure for Voting Through Postal Ballot:**

    The shareholders shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with copy of Computerized National Identity Card (CNIC), should reach the Chairman of the Company through post on the Company's Registered Address Main RCD Highway, Hub Chowki, District Lasbela, Balochistan or email at voting@bclpk.com one day before the AGM on October 23, 2024, during working hours. The signature on the ballot paper shall match the signature on the CNIC.

**STATEMENT UNDER SECTION 134 (3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

1) **Agenda Item No. 4 - Related Party Transactions**

During the financial year ended June 30, 2024, the Company carried out transactions with Group Company in the normal course of business. As per provision of Regulation No. 15 of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the transactions carried out in normal course of business with Group companies (Related Parties) were required to be approved by the Board as per recommendation of the Audit Committee on quarterly basis. As the four out of eight Directors were interested in these transactions due to their common directorship and holding of shares in the Group Company, a valid quorum of directors could not be formed for approval of these transactions. Therefore, in order to avoid any non-compliance from the regulatory provision for the required approval of these transactions and to ensure routine approval of these transactions throughout the year, the shareholders had authorized the Chief Executive of the Company during the last Annual General Meeting of the Company to approve these transactions in the normal course of business subject to final approval/ratification by the shareholders. Therefore, these transactions have to be approved by the shareholders in the Annual General Meeting.

In view of the above, the transactions conducted during the financial year ended June 30, 2024 with Group Company are being placed before the shareholders for their approval / ratification.

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and shareholding in the Group Company.

The information of the Related party transactions as required under Regulation 5(1) of the Companies (Related Party Transactions and Maintenance of Related Records) Regulations, 2018 is as under:

| | | |
|---|---|---|
| Name of Related Parties | Millat Tractors Limited | |
| Names of the interested or concerned persons or directors | Mr. Sikandar M. Khan<br>Mr. Sohail Bashir Rana<br>Mr. Laeeq Uddin Ansari<br>Mr. S. M. Irfan Aqueel | |
| Nature of relationship, interest or concern along with complete information of financial or other interest or concern of directors, managers or key managerial personnel in related party | Shareholding of above-named directors and common directorship of Mr. Sikandar M. Khan, Mr. Sohail Bashir Rana and Mr. Laeeq Uddin Ansari also. | |
| Detail, description, terms and conditions of transactions | Sale of goods against confirmed orders | Purchase of goods against confirmed orders |
| Amount of Transactions (Rs.) | 3,306,006,507 | 528,812 |
| Time frame or duration of the transactions | From 01-07-2023 to 30-06-2024 | From 01-07-2023 to 30-06-2024 |
| Pricing Policy | At Mutually Agreed price | At Mutually Agreed price |

2) **Agenda Item No. 5 - Authorization to CEO for Related Party Transactions**

The Company shall be carrying out transactions with the Group companies in the normal course of business during the financial year ending June 30, 2025. The four out of eight Directors are interested in these transactions due to their common directorship and shareholding in the Group companies. After exclusion of interested directors, the remaining directors may not form a valid quorum for the purpose of required approvals. Therefore, in order to satisfy the aforesaid requirement of approval by the Board on quarterly basis and in the absence of formation of required quorum for the purpose, the transactions with the Group companies will be presented in next AGM for the purpose of seeking the ratification/approval.

In order to avoid any non-compliance from the regulatory provision for the required approval of these transactions and to ensure routine approval of these transactions throughout the year, the shareholders may authorize the Chief Executive to approve the transactions carried out and to be carried out in normal course of business with the Group companies during the financial year ending June 30, 2025.

The Directors are interested in the resolutions to the extent of their common directorships and shareholding in the Group companies.

---


## Bolan Castings Limited

Main RCD Highway, Hub Chowki, District Lasbela, Balochistan

Tel: 0092-853-364036 Fax: 0092-853-363292 Email: bclhub@bclpk.com Web: www.bolancastings.com


**POSTAL BALLOT PAPER**

For poll/voting through post for the Special Business at the Annual General Meeting to be held on Thursday, October 24, 2024 at 12:30 p.m. at Registered Office of the Company

| | |
|---|---|
| Folio /CDS Account Number | |
| Name of Shareholder / Proxy Holder | |
| Registered Address | |
| Number of Shares Held | |
| CNIC / Passport No. (in case of foreigner) (Copy to be attached) | |
| Additional information and enclosures (in case of representative of body corporate, corporation, and Federal Government) | |
| Name of Authorized Signatory | |
| CNIC / Passport No. (in case of foreigner) (Copy to be attached) | |

**Resolution For Agenda Item No. 4**

To ratify and approve the transactions carried out in normal course of business with Group company for the year ended June 30, 2024 by passing the following resolution as a special resolution:

**RESOLVED** that the transactions carried out in normal course of business with Group Company as disclosed in note 37 to the financial statements for the year ended June 30, 2024 be and are hereby ratified and approved.

**Resolution For Agenda Item No. 5**

To authorize Chief Executive of the Company to approve transactions carried out and to be carried out in normal course of business with Group companies during the year ending June 30, 2025 by passing the following resolutions, with or without modification, as special resolutions:

**RESOLVED** that the Chief Executive of the Company be and is hereby authorized to approve all the transactions carried out and to be carried out in normal course of business with Group companies during the year ending June 30, 2025, subject to final approval/ratification by the shareholders in the next Annual General Meeting.

**FURTHER RESOLVED** that the Chief Executive of the Company be and is hereby authorized to take any and all necessary actions and sign / execute any and all such documents / indentures / verifications as may be required in this regard on behalf of the Company.

**Instruction for Poll**

1. Please indicate your Vote by ticking (✓) the relevant box.
2. In case if both the boxes are marked as (✓), your poll shall be treated as "Rejected".

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the above resolution through ballot by conveying my/our assent or dissent to the resolutions by placing tick (✓) mark in the appropriate box below:

| Resolution | I / We assent the Resolution (FOR) | I / We dissent the Resolution (AGAINST) |
|---|---|---|
| Resolution for Agenda No. 4 | | |
| Resolution for Agenda No. 5 | | |

**NOTES:**

1. Duly filled ballot paper should be sent to the Chairman through post at Registered Office of the Company, Main RCD Highway, Hub Chowki, District Lasbela, Balochistan, or email at voting@bclpk.com.
2. Copy of CNIC / Passport (in case of foreigner) should be enclosed with the postal ballot form.
3. Ballot paper should reach the Chairman within business hours by or before October 23, 2024. Any postal ballot received after this date, will not be considered for voting.
4. Signature on ballot paper should match with signature on CNIC / Passport (in case of foreigner).
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written ballot paper will be rejected.
6. In case of representative of a body corporate, corporation or Federal Government, the Ballot Paper Form must be accompanied by a copy of the CNIC of an authorized person, an attested copy of Board Resolution / Power of Attorney / Authorization Letter etc. in accordance with Section(s) 138 or 139 of the Companies Act, 2017 as applicable. In case of foreign body corporate etc. all documents must be attested by the Counsel General of Pakistan having jurisdiction over the member.
7. Ballot Paper form has also been placed on the website of the company at www.bolancastings.com or used an original / published in the newspapers.

___________________________________

Signature of Shareholder / Proxy holder / Authorized Signatory
(in case of corporate entity, please affix Company Stamp)

Date: ___________________________

54cmx8col.

# بولان کاسٹنگز لمیٹڈ

مرکزی آر سی ڈی ہائی وے، حب چوکی، ڈسٹرکٹ لسبیلہ، بلوچستان

فون: 0092-853-364036 فیکس: 0092-853-363292 ای میل: bclhub@bclpk.com ویب سائٹ: www.bolancastings.com


## سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بولان کاسٹنگز لمیٹڈ کا 42واں سالانہ اجلاسِ عام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، مرکزی آر سی ڈی شاہراہ، حب چوکی، ڈسٹرکٹ لسبیلہ، بلوچستان، پاکستان میں بروز جمعرات 24 اکتوبر، 2024 دوپہر 12:30 بجے مندرجہ ذیل کارروائی پر عمل درآمد کے لئے منعقد ہوگا:۔

**A: عمومی کارروائی:**

1۔ 28 اکتوبر، 2023 کو منعقدہ 41ویں سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔

3۔ 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔

**B: خصوصی کارروائی**

4- 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے گروپ کمپنی کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز کی توثیق اور منظوری کے لئے مندرجہ ذیل قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے گروپ کمپنی کے ساتھ کاروبار کے سلسلے میں ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز، جیسا کہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کے نوٹ 37 میں بیان کی گئی ہیں، کی بذریعہ ہذا توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔

5- 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لئے گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی اور آئندہ ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز کی منظوری کیلئے چیف ایگزیکٹو کو قانونی اختیار دینے کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد کی ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے بطور خصوصی قرارداد منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون، 2025 وختم ہونے والے سال کے دوران گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی اور آئندہ ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے کمپنی کا چیف ایگزیکٹو قانونی اختیار رکھتا ہے جو کہ آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی حتمی منظوری/توثیق سے مشروط ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو اس سلسلے میں کمپنی کی ضرورت کے مطابق کوئی بھی یا تمام اقدامات کرنے اور کوئی بھی اور تمام درکار دستاویزات/معاہدوں/تصدیقات پر دستخط/عمل درآمد کرنے کا قانونی طور پر مجاز ہوگا۔

بحکم بورڈ

**عرفات مشیر**
کمپنی سیکریٹری

حب
01 اکتوبر، 2024

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کے شیئر ٹرانسفر کے کھاتے 15 اکتوبر، 2024 سے 24 اکتوبر 2024 تک بند رہیں گے (دونوں ایام شامل ہیں)۔ 14 اکتوبر، 2024 کو دفتری اوقات کار کے اختتام تک ہماری کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی -74400 میں وصول ہونے والے ٹرانسفر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور ہوں گے۔

2۔ سالانہ اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا حقدار کوئی بھی ممبر کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کے لئے اپنی/اپنا نمائندہ مقرر کرسکتا ہے۔ ووٹ ذاتی طور پر یا اپنے نمائندے کے ذریعے ڈالا جاسکتا ہے یا بصورت کمپنی/کارپوریشن، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 کے تقاضوں کے مطابق کسی باقاعدہ تصدیق شدہ نمائندے کے ذریعے بھی ڈالا جاسکتا ہے۔

3۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 137 کے ضمنی سیکشن (6) میں فراہم کردہ طریقہ کار کے مطابق تیار کردہ نمائندوں کے باقاعدہ تقرر نامے اجلاس سے کم ازکم اڑتالیس (48) گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو موصول ہونے پر مؤثر ہوں گے۔

4۔ ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی سے فزیکل شیئرز رکھنے کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ اور بک انٹری فارم کی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فوری طور پر مطلع کریں۔

5- CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، مورخہ 26 جنوری 2000 میں پیش کردہ ہدایت نامے کے تحت درج ذیل مزید ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی:

**A- اجلاس میں شرکت کے لئے:**

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر، اجلاس میں شمولیت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق/اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے کرے گا۔

ii) کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس میں شمولیت کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہوتو) پیش کرنا ہوگا۔

**B۔ نامزد نمائندوں کی تقرری:**

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر مندرجہ بالا شرائط کے مطابق نامزدگی کا فارم (Proxy) جمع کروائیں گے۔

ii) نامزدگی کا فارم (Proxy Form) دو افراد کے گواہ ناموں، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبروں کے ساتھ جمع کروایا جائے گا۔

iii) نامزدگی کے فارم کے ساتھ اصل مالکان اور نامزد نمائندہ کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول جمع کروانی ہوں گی۔

iv) نامزد کردہ نمائندہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھائے گا/گی۔

v) کاروباری ادارے کی صورت میں ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ نامزدگی کے فارم (Proxy) کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

اجلاس کے وڈیو لنک کے ذریعہ انعقاد اور اس کے مطابق حاضریوں کے سلسلہ میں مندرجہ بالا ضروریات اور کارپوریٹ تقاضوں کا مناسب تبدیلیوں کے ساتھ اطلاق ہوگا۔

**-6 سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے 2021 کے سرکلر نمبر 04 مورخہ 15 فروری، 2021 کے ذریعہ لسٹڈ کمپنیوں کو وڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی کی ہدایت کی ہے، لہٰذا زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لئے سالانہ اجلاسِ عام بذریعہ وڈیو لنک بھی منعقد کرنے کا انتظام کیا ہے۔

وڈیو لنک کے ذریعہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے ممبران سے درخواست ہے کہ اپنی درج ذیل تفصیلات بذریعہ ای میل agm@bclpk.com پر ارسال کریں۔

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کمپنی کا نام | ملکیتی شیئرز کی تعداد | نام | سی این آئی سی نمبر | موبائل فون | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | بولان کاسٹنگز لمیٹڈ | | | | | |

وڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات ان شیئر ہولڈرز کو فراہم کی جائیں گی جن کی تمام مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز 23 اکتوبر، 2024 کو دفتری اوقاتِ کار کے اختتام (شام 05:00 بجے) تک مندرجہ بالا ای میل ایڈریس پر موصول ہوجائیں گی۔

**-7 کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ جمع کروانے کا لازمی تقاضہ:**

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کی شق 6، جسے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے ساتھ پڑھا جائے، کے مطابق کمپنی نے ایسے شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی ہے جنہوں نے اب تک اپنا فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC) فراہم نہیں کیا ہے اور ان کو آئندہ بھی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ اگر آپ کا ڈیویڈنڈ اوپر بیان کردہ وجہ کے باعث روک لیا گیا ہے تو آپ سے درخواست ہے کہ فزیکل شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے فعال کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی واضح نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اور بک انٹری کی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

**-8 کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک طریقے سے ادائیگی:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈینڈز) ریگولیشنز، 2017 کی شق 4 کی دفعات کے مطابق ایک لسٹڈ کمپنی کو اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست حق دار شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کا کیش ڈیویڈنڈ مذکورہ وجہ سے روک دیا گیا ہے تو آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنا (i)۔ بینک اکاؤنٹ کا عنوان (ii) بینک اکاؤنٹ نمبر (iii) انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) (iv) بینک کا نام (v) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ (vi) موبائل نمبر اور (vii) لینڈ لائن نمبر، اگر کوئی ہے تو فزیکل شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں ہمارے شیئرز رجسٹرار کو اور بک انٹری کی شکل میں شیئرز رکھنے کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

**-9 فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیز پر لازم ہے کہ وہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے متعین کردہ مدت کے دوران اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری صورت میں تبدیل کریں۔ لہٰذا فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی سی کی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ اپنا اکاؤنٹ کھولیں یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کسی بھی بروکر کے ساتھ اپنا ذیلی اکاؤنٹ کھولیں تاکہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس صورت میں رکھ سکیں۔ یہ عمل ان کے لئے کئی لحاظ سے کارآمد ثابت ہوگا، یعنی اب وہ اپنے شیئرز نہ صرف باحفاظت رکھ سکتے ہیں بلکہ کسی بھی وقت انہیں فروخت بھی کرسکتے ہیں، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد وضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

**-10 سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل بذریعہ QR Enabled کوڈ اور ویب لنک**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر S.R.O 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اپنے ممبران کو بذریعہ **QR کوڈ اور ویب لنک** ارسال کرنے کی اجازت دی ہے جس کی منظوری سالانہ اجلاس عام میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز نے دی ہے۔ لہٰذا 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں مع ان کی متعلقہ رپورٹس درج ذیل QR Enabled کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کی جارہی ہیں:

QR Code

**ویب لنک:** https://bolancastings.com/PDF/AR2024.pdf

مزید برآں، کمپنی نے 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے مع ان کی متعلقہ رپورٹس اپنے ان ممبران کو بذریعہ ای میل بھیج دی ہیں جن کے ای میل ایڈریس دستیاب ہیں۔

علاوہ ازیں، 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے مع ان کی متعلقہ رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.bolancastings.com پر بھی دستیاب کردی گئی ہیں۔

**-11 فزیکل شیئر ہولڈرز کی طرف سے لازمی معلومات جمع کروانا**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ریگولیشن 39 کے مطابق، تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس (اگر دستیاب ہو)، موبائل/ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر فراہم کریں تاکہ قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچا جاسکے۔

**-12 وڈیو کانفرنس کی سہولت**

موجودہ تقاضوں کو نقصان پہنچائے بغیر اور اس کے نتیجے میں اوپر بیان کردہ "نوٹ 6" میں مذکور انتظامات، اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132 کے مطابق، جسے سیکوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 10، 2014 کے ساتھ پڑھا جائے، اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر شیئرز ہولڈرز میں سے 10 فیصد یا زائد کی جانب سے کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام سے کم ازکم 07 روز قبل وڈیو کانفرنس کے لئے رضامندی کے فارم موصول ہوجاتے ہیں تو ایسی صورت میں کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی، جس کا انحصار اس شہر میں سہولت کی دستیابی پر ہے۔

کمپنی ممبران کو اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم ازکم 05 دن پہلے وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام اور اس سہولت تک رسائی کے لئے درکار مکمل معلومات فراہم کرے گی۔ اگر آپ مندرجہ بالا کے مطابق وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی مندرجہ ذیل معلومات پُر کرکے سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے کم ازکم 07 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کریں۔

میں/ہم ______________ کے ______________، بطور ممبر بولان کاسٹنگز لمیٹڈ، رجسٹرڈ فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______________ کے مطابق ______________ عمومی شیئر (ز) کا مالک ہوں/ہیں اور بذریعہ ہذا بمقام ______________ وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں/ہیں۔

**-13 پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot)**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق خصوصی کارروائی سے متعلق ایجنڈا آئٹمز کے لئے ممبران کو اپنا حقِ رائے دہی ای ووٹنگ اور ڈاک کے ذریعے استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو مندرجہ بالا ریگولیشنز میں بیان کردہ ضروریات اور طریقہ کار کے مطابق ہوگا۔

شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لئے بیلٹ پیپر منسلک کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ کمپنی کی ویب سائٹ www.bolancastings.com سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جاسکتا ہے۔

**ای۔ووٹنگ کا طریقہ کار:**

(الف) ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان شیئر ہولڈرز کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس 14 اکتوبر، 2024 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

(ب) ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، ای میل کے ذریعے اراکین کو بتائی جائیں گی۔ اراکین کو سیکیورٹی کوڈز کی اطلاع سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے کی جائے گی۔

(ج) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی شناخت کی تصدیق ان کے الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے ذریعے کی جائے گی۔

(د) ای ووٹنگ لائنیں 19 اکتوبر، 2024 کو صبح 9:00 بجے سے شروع ہوں گی اور 23 اکتوبر، 2024 کو شام 5:00 بجے بند ہوں گی۔ شیئر ہولڈرز اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:**

شیئر ہولڈرز اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ صحیح طریقے سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، مین آر سی ڈی ہائی وے، حب چوکی، لسبیلہ، بلوچستان ڈاک کے ذریعے کام کے اوقات کے دوران 23 اکتوبر، 2024 کو AGM سے ایک دن پہلے کمپنی کے چیئرمین تک پہنچیں یا voting@bclpk.com پر ای میل کریں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر دستخط سے مماثل ہوں۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان**

**1۔ نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر-4 متعلقہ فریقین سے لین دین**

30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کمپنی نے لین دین گروپ کمپنی کے ساتھ عمومی کاروباری سرگرمی کے مطابق کی۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی ریگولیشن نمبر 15 کے مطابق گروپ کمپنیوں (متعلقہ پارٹیوں) کے ساتھ عمومی کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی بورڈ کی جانب سے منظوری درکار تھی جو کہ آڈٹ کمیٹی سہ ماہی بنیاد پر تجویز کرتی ہے۔ چونکہ کمپنی کے 8 میں سے 4 ڈائریکٹرز ان ٹرانزیکشنز میں اپنے مشترکہ اختیارات اور گروپ کمپنی کے ساتھ شیئرز کی ملکیت کے باعث دلچسپی رکھتے ہیں، لہٰذا ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے ڈائریکٹرز کا کورم پورا نہیں ہوسکا۔ چنانچہ گزشتہ سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز نے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو اختیار دیا کہ ان ٹرانزیکشنز کی منظوری عمومی کاروباری سرگرمی کے طور پر اجلاسِ عام میں دیں، تاہم یہ شیئر ہولڈرز کی منظوری/توثیق سے مشروط ہے۔ لہٰذا اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے ان ٹرانزیکشنز کی منظوری دی جائے گی۔

مندرجہ بالا تناظر میں 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران گروپ کمپنی کے ساتھ کی گئی ٹرانزیکشنز شیئر ہولڈرز کے سامنے ان پر غور وخوض اور منظوری/توثیق کے لئے پیش کی جارہی ہیں۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنے مشترکہ اختیارات اور شریک کار کمپنی میں شیئرز کی ملکیت کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔

متعلقہ فریقین سے لین دین کی تفصیلات، جیسا کہ کمپنیز (متعلقہ فریقین سے لین دین اور متعلقہ ریکارڈز کی حفاظت) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن (1)5 کے تحت درکار ہیں، درج ذیل ہیں:

| متعلقہ فریقین کا نام | ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ | |
|---|---|---|
| دلچسپی رکھنے والے یا متعلقہ افراد یا ڈائریکٹرز کے نام | جناب سکندر ایم خان<br>جناب لئیق الدین انصاری | جناب سہیل بشیر رعنا<br>سید محمد عرفان عقیل |
| تعلق، مفاد یا دلچسپی کی نوعیت مع متعلقہ فریق میں ڈائریکٹرز، مینیجرز یا اہم انتظامی عہدوں پر فائز افراد کے مالی یا دیگر مفاد یا دلچسپی کی مکمل معلومات | متذکرہ بالا ڈائریکٹرز کی شیئر ہولڈنگ اور جناب سکندر ایم خان، جناب سہیل بشیر رعنا اور جناب لئیق الدین انصاری کی مشترک ڈائریکٹرشپ | |
| لین دین کی تفصیل، تصریح، شرائط وضوابط | مصدقہ (Confirmed) آرڈرز پر اشیاء کی فروخت | مصدقہ (Confirmed) آرڈرز پر اشیاء کی خریداری |
| لین دین کی رقم (روپے) | 3,306,006,507 | 528,812 |
| لین دین کا وقت یا دورانیہ | 01-07-2023 سے 30-06-2024 تک | 01-07-2023 سے 30-06-2024 تک |
| قیمتوں کے تعین کی پالیسی | باہمی طور پر متفقہ قیمت پر | باہمی طور پر متفقہ قیمت پر |

**2۔ نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 5- متعلقہ فریقین سے لین دین کے لئے سی ای او کا اختیار**

30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال میں کمپنی گروپ کمپنیوں کے ساتھ عمومی کاروبار کرے گی۔ کمپنی کے 8 میں سے 4 ڈائریکٹرز ان ٹرانزیکشنز میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور گروپ کمپنیوں میں شیئرز کی ملکیت کے باعث دلچسپی رکھتے ہیں، لہٰذا دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹرز کی عدم شمولیت اور کسی بھی غیر دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹر کی غیر حاضری کی صورت میں ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے ڈائریکٹرز کا کورم پورا نہیں ہوسکے گا۔ لہٰذا سہ ماہی بنیاد پر بورڈ کی جانب سے ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے مندرجہ بالا تقاضے کی تکمیل اور اس مقصد کے لئے مطلوبہ کورم پورا نہ ہونے کے باعث گروپ کمپنیوں کے ساتھ ٹرانزیکشنز اگلے سالانہ اجلاسِ عام میں توثیق/منظوری کے مقصد کے لئے پیش کی جائیں گی۔

30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کی یقین دہانی اور قانونی ضوابط کی عدم تعمیل سے بچنے کے لئے شیئر ہولڈرز چیف ایگزیکٹو کو اختیار دے سکتے ہیں کہ وہ گروپ کمپنیوں کے ساتھ کی گئی ٹرانزیکشنز اور مستقبل میں کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی منظوری دے، جو کہ شیئر ہولڈرز کی حتمی منظوری/توثیق سے مشروط ہے۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنے مشترکہ اختیارات اور گروپ کمپنیوں میں شیئرز کی ملکیت کی وجہ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

- - - - - - - - - - - - - - - - - - - -

**بولان کاسٹنگز لمیٹڈ**

مرکزی آر سی ڈی ہائی وے، حب چوکی، ڈسٹرکٹ لسبیلہ، بلوچستان

فون: 0092-853-364036 فیکس: 0092-853-363292 ای میل: bclhub@bclpk.com ویب سائٹ: www.bolancastings.com

### پوسٹل بیلٹ پیپر

24 اکتوبر، 2024، بروز جمعرات، دوپہر 12:30 بجے، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، مین آر سی ڈی ہائی وے، حب چوکی، ضلع لسبیلہ، بلوچستان میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس میں خصوصی کاروبار کے لئے رائے شماری/ووٹنگ کے لئے۔

| | |
|---|---|
| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| موجودہ شیئرز کی تعداد | |
| کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے گی) | |
| اضافی معلومات اور ضمیمہ جات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے گی) | |

**ایجنڈا آئٹم 4 کے لئے قرارداد:**

30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے گروپ کمپنی کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز کی توثیق اور منظوری کے لئے مندرجہ ذیل قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے گروپ کمپنی کے ساتھ کاروبار کے سلسلے میں ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز، جیسا کہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کے نوٹ 37 میں بیان کی گئی ہیں، کی بذریعہ ہذا توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔

**ایجنڈا آئٹم 5 کے لئے قرارداد**

30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لئے گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی اور آئندہ ہونے والی عمومی ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے چیف ایگزیکٹو کو قانونی اختیار دینے کے لئے مندرجہ ذیل قرارداد کی ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے بطور خصوصی قرارداد منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے دوران گروپ کمپنیوں کے ساتھ روزمرہ کاروبار کے سلسلے میں کی جانے والی اور آئندہ ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لئے کمپنی کا چیف ایگزیکٹو قانونی اختیار رکھتا ہے جو کہ آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی حتمی منظوری/توثیق سے مشروط ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو اس سلسلے میں کوئی بھی یا تمام اقدامات کرنے اور کوئی بھی اور تمام درکار دستاویزات/معاہدوں/تصدیق ناموں پر دستخط کرنے کا قانونی طور پر مجاز ہوگا۔

| رائے شماری کے لئے ہدایات |
|---|
| 1- براہِ کرم متعلقہ باکس پر نشان لگا کر (✓) اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔ |
| 2- اس صورت میں، اگر دونوں خانوں کو (✓) کے بطور نشان زد کیا گیا ہے، تو آپ کے پول کو "مسترد" سمجھا جائے گا۔ |
| میں/ہم مندرجہ بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا ووٹ بیلٹ کے ذریعے استعمال کرتا ہوں/کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر قرارداد پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے سے آگاہ کرتا ہوں/کرتے ہیں۔ |

| قرارداد | میں/ہم قرارداد سے رضامندی اختیار کرتے ہیں (حق میں) | میں/ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں (کے خلاف) |
|---|---|---|
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 4 | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 5 | | |

**نوٹس:**

1- پُر کیا ہوا بیلٹ پیپر چیئرمین کو بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس آر سی ڈی ہائی وے، حب چوکی، ضلع لسبیلہ بلوچستان پر بھیجا جائے یا voting@bclpk.com پر ای میل کریں۔

2- پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی ایک کاپی (غیر ملکی صورت میں) منسلک ہونی چاہئے۔

3- بیلٹ پیپر سالانہ جنرل میٹنگ سے ایک دن پہلے 23 اکتوبر، 2024 تک یا اس سے قبل کاروباری اوقات کار میں چیئرمین تک پہنچ جانا چاہئے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لئے مؤثر نہیں سمجھا جائے گا۔

4- بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پر دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

5- نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا ہوا، مسخ شدہ یا زیادہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کردیا جائے گا۔

6- کسی باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 یا 139 کے مطابق جیسا کہ قابل اطلاق ہے، بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ کسی مجاز شخص کے قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/پاور آف اٹارنی/مجاز لیٹر کی تصدیق شدہ کاپی ہونی چاہئے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کے معاملے میں تمام دستاویزات کو قونصل جنرل آف پاکستان جس کا دائرہ اختیار جو ممبر پر ہو، سے تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے۔

7- بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.bolancastings.com پر بھی رکھا گیا ہے۔ ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی کاپی استعمال کرسکتے ہیں۔

______________________________
شیئر ہولڈر/پراکسی ہولڈر/مجاز کنندہ کے دستخط (کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں کمپنی کی مہر لگائیں)

تاریخ: ______________________

54cmx8col.